# ٹوم کیلے بیچنے والا


Humphreys Odunga
Zablon Alex Nguku
Samrina Sana

Urdu
Level 2

(imageless edition)

storybookscanada.ca

ٹوم کے پاس پکے ہوئے کیلوں کا ایک ٹرے ہے۔

ٹوم کیلے بیچنے کے لیے بازار جاتا ہے۔

بازار میں موجود لوگ پھل خرید رہے ہیں۔

لیکن کوئی بھی ٹوم کے کیلے نہیں خرید رہا۔ وہ لوگ عورتوں سے پھل خریدنے کو ترجیع دیتے ہیں۔

ہمارے لوگوں میں صرف عورتیں ہی پھل بیچتی
ہیں۔ یہ کیسا آدمی ہے؟ لوگوں نے پوچھا؟

لیکن ٹوم ہار نہیں مانتا۔ وہ آواز لگاتا ہے۔ کیلے لے لو۔ میرے میٹھے پکے ہوئے کیلے لے لو!

ایک عورت کیلوں کا ایک گھچا ٹرے سے اُٹھا کر دیکھتی ہے۔ وہ کیلوں کو غور سے دیکھتی ہے۔

عورت کیلے خرید لیتی ہے۔

مزید لوگ اُس کے سٹال پر آتے ہیں وہ ٹوم کے کیلے
خریدتے ہیں اور کھاتے ہیں۔

جلد ہی ٹرے خالی ہو جاتا ہے۔ ٹوم اپنے کمائے ہوئے پیسے گنتا ہے۔

پھر ٹوم صابن، چینی اور ڈبل روٹی خریدتا ہے۔ وہ یہ چیزیں اپنے ٹرے میں رکھ لیتا ہے۔

ٹوم اپنے سر پر ٹرے کو توازن سے رکھتا ہے اور گھر
چلا جاتا ہے۔

# Storybooks Canada

storybookscanada.ca

## ٹوم کیلے بیچنے والا

Written by: Humphreys Odunga
Illustrated by: Zablon Alex Nguku
Translated by: Samrina Sana

This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Canada in an effort to provide children's stories in Canada's many languages.

This work is licensed under a Creative Commons Attribution 4.0 International License.